مدح التهاني

بمناسبة عيد الفطر ـ ١٤٣٨ هـ

اے مولیٰ تیري ولایت ھے عید کي خوشیاں

تیري عطاء و عنایت ھے عید کي خوشیاں

وسیلے ھمنے سُنے خوب تینوں مولیٰ کے

شبِ قدر میں تھے جلوے نرالے آقا کے

کہ تیري شانِ شفاعت ھے عید کي خوشیاں

ھو تیري ایك نظر " سَائِلٌ بِبَابِك " ھوں

تیري طرف تو اداء کرتا میں مَنَاسِك ھوں

تو ھي تو وجہِ عبادت ھے عید کي خوشیاں

ھو عَین سے تیرا دیدار، یَد سے تجھکو سلام

تو خوش نصیب ھو کتنا تیرا یہ ادنیٰ غلام

یہي تو عین سعادت ھے عید کي خوشیاں

حسین امام پہ نوح وعویل کرتا رھوں
میں نعرہ آہ کا مولیٰ کے ساتھ بھرتا رھوں
ھراشکِ غم میں ضمانت ھے عید کي خوشیاں

ھماري نسلوں کو حفظ القراٰن کي دولت
بلاء ِ گردش ِ ایاّم میں بہر حالت
اسي سے اپني حفاظت ھے عید کي خوشیاں

میں تیري چاہ پہ قربان کیوں نہ ھوجاؤں
اسي میں سارے زمانے کي نعمتیں پاؤں
خدا قسم تیري چاھت ھے عید کي خوشیاں

میرے نماز یہ روزے قبول تیرے سبب
نہیں تو بندگي کرنے کا تھا میں قابل کب
کرم تیرا لطفِ نہایت ھے عید کي خوشیاں

شفاء ، مزا سے بھري تیري فیض کي تھالي
لے آئے گھر میں غلاموں کے روز خوشحالي
یہ تیرا فیضِ کرامت ھے عید کي خوشیاں

رهے تو باقي اے وجہِ حقيقي عيد سدا

تيري بقاء کي دعاء ميں حضور صبح ومساء

ہراك دعاء کي اِجابت ہے عيد کي خوشياں

تہاني عيد الفطر کي قبول کرلو حضور

يہ عبدِ شاکرِ کمتر کے دور کردو قصور

عطاء کي آپکي عادت ہے عيد کي خوشياں

عبدسيدنا المنعام ط ع

محمدالباقرهبةالله بهائي شاکر

العامل (مہوکيمپ)